THE DAILY JANG KARACHI

روزنامہ جنگ کراچی

بانی..... میر خلیل الرحمٰن

قیمت 11 روپے

رجسٹرڈ نمبر SS-025

جلد 73 | بدھ 28 رجب المرجب 1430ھ 22 جولائی 2009ء | نمبر 201

آرٹس کونسل میں 16 مصوروں کے فن پاروں کی نمائش، عوام کا رش

حسنہ ناز کی خوبصورت کاوش، نمائش کا مقصد نوجوان مصوروں کو پروموٹ کرنا ہے، سید عبدالعرفان

کراچی (پ ر) آرٹس کونسل آف پاکستان میں 16 مصوروں کے فن پاروں کی نمائش میں بڑی تعداد میں شائقین نے شرکت کی اور دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے اے آر فریدی آرٹ گیلری کی کیوریٹر حسنہ ناز کی انفرادی کاوش پر آرٹس کونسل کی انتظامیہ کو خراج تحسین پیش کیا، اس

باقی صفحہ 3 نمبر 39

آرٹس کونسل میں کی نمائش کے موقع پر فاطمہ ثریا بجیا نوجوان مصوروں سید عبدالعرفان، جاوید قمر، محمد ارشد خان، عروسہ اشتیاق، انجم شاہد، ندیم خان، شوکت علی، روحن طوابی، نوید اختر، حسنہ ناز، ثمینہ انوار، زہیر صدیقی، اشفاق آرائیں، شمع حمید، سوہن داس کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے موجود ہیں۔

موقع پر چیف آرگنائزر سید عبدالعرفان نے کہا کہ اس نمائش کا بنیادی مقصد نوجوان مصوروں کو پروموٹ کرنا اور انکی حوصلہ افزائی کرنا ہے، افتتاحی تقریب کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ممتاز ڈرامہ نگار اور ادیبہ فاطمہ ثریا بجیا نے سولہ مصوروں کی اجتماعی نمائش کو ایک کارنامہ قرار دیا انھوں نے نمائش میں حصہ لینے والے نوجوان مصوروں سید عبدالعرفان، جاوید قمر، محمد ارشد خان، عروشہ اشتیاق، انجم شاہد، ندیم خان، شوکت علی، رحمٰن طوابی، نوید اختر، حسنہ ناز، ثمینہ انوار، زہیر صدیقی، اشفاق آرائیں، شمع حمید، سوہن داس کو فرداً فرداً خراج تحسین پیش کیا اور انھیں ملک کا بہترین مستقبل قرار دیا، انھوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی نوجوان نسل موقع ملنے پر اپنے اپنے شعبوں میں ملک کا نام روشن کرنے کا عزم رکھتی ہے، اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر فیروز احمد، فائن آرٹ کمیٹی کے چیئرمین شاہد اسلام اور چیف آرگنائزر سید عبدالعرفان بھی موجود تھے اس نمائش کو افروز کیمیکل انڈسٹری (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے اسپانسر کیا تھا۔